بن　رت　لُطف　اُلفت　رغبَت



# کوئل

تیری رنگت کالی کالی
تیری صوٗرت بھولی بھالی
اُڑنے والی ڈالی ڈالی
بَن میں شور مچانے والی
کوئل! تیری کوٗک نِرالی

باغ میں تیری رٹ کوٗ کوٗ کی
دیتی ہے اِک لطف عجب ہی
سُنتا ہے جب کوٗک کو تیری
خوش ہوتا ہے باغ کا مالی
کوئل! تیری کوٗک نِرالی







تُجھ کو آموں سے رغبَت ہے
آم کے باغوں سے اُلفت ہے
کؤ کؤ کرنے کی عادت ہے
کؤک سے دِل تڑپانے والی
کوئل! تیری کؤک نِرالی

حفیظ الدین شوقؔ

## ۱. آؤ معنی یاد کریں

| | | |
|---|---|---|
| بن | : | جنگل |
| رٹ | : | ہر وقت ایک ہی بات کہے جانا |
| لُطف | : | مَزہ |
| عجب | : | انوکھا، نیا |
| رغبَت | : | شوق |
| اُلفت | : | پیار، مُحبت |

    

## ۲. مختصر جواب لکھیے :

☆ شاعر نے پہلے بند میں کوئل کی کِن تین چیزوں کو بیان کیا ہے؟
☆ باغ کا مالی کس بات پر خوش ہوتا ہے؟
☆ اِس نظم میں شاعر نے ایک ہی مصرعہ تین بار دُہرایا ہے، وہ کون سا مصرعہ ہے؟
☆ نظم کے آخری مصرعے میں کوئل کی کون سی خوبی ظاہر ہوتی ہے؟

## ۳. سمجھیے اور لکھیے :

☆ آخر پر دیے گئے الفاظ سے خالی جگہیں پُر کیجیے

تیری صوُرت ............

تیری رنگت ............

اُڑنے والی ............

بھولی بھولی     ڈالی ڈالی     کالی کالی

## ۴ حروف ملا کر لفظ بنائیے :

| مثال | ر | + | ن | + | گ | + | ت | = | رنگت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ص | + | و | + | ر | + | ت | = | |
| | ر | + | غ | + | ب | + | ت | = | |
| | اُ | + | ل | + | ف | + | ت | = | |

    

### ۴. حروف ملا کر لفظ بنائیے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ع | + | ا | + | د | + | ت | = | |
| خ | + | د | + | م | + | ت | = | |
| ح | + | ا | + | ج | + | ت | = | |

### ۵۔ کوئل ایک پرندہ ہے، آپ نیچے دیے گئے پرندوں کی تصویروں کو پہچان کر ان کے نام اور بولیاں لکھیے :

   

### ٦. استاد کی مدد سے حفیظ الدین شوق پر چند جملے لکھیے ۔

### ۷. اپنے آس پاس میں پائے جانے والے چند پرندوں کے نام لکھیے، اُن میں سے جو پرندہ آپ کو سب سے اچھا لگتا ہے اُس کی تصویر بنائیے اور اُس سے متعلق پانچ جملے لکھیے







# اعادہ: سبق: ۱، ۲، ۳، ۴

اساتذہ حضرات سے گزارش ہے کہ طلاب کی دلچسپی قائم رکھنے کے لیے کھیل کھیل میں اُن سے درج ذیل مشق کرائیں ۔ اس کے ذریعہ آموزشی ماحصل (Learning outcome) کے حصول کا بھی اندازہ ہوگا:

## I. سوچیے اور بتائیے:

(الف) جگت کی ناو کھینے والا کون ہے؟

(ب) چنار کی حفاظت کیوں کرنی چاہیے؟

(ج) حضرت محمد ﷺ کے دادا اور چچا کا نام کیا تھا؟

(د) باغ کا مالی کس بات پر خوش ہوتا ہے؟

## II. اپنی یاداشت کو آزماتے ہوئے پانچ پانچ لفظ لکھیے:

کلمہ، مہمل، اسم

## III. جیسے کہا گیا ہے ویسے کیجیے:

(الف) رات، شام، کالا، بڑا (ضد لکھیے)

(ب) لڑکا، عورت، شجر، تالا (جمع لکھیے)

(ج) لڑکی، دھوبن، شیرنی، کُتیا (مذکر لکھیے)